IPOR
INSTITUTE FOR PUBLIC OPINION RESEARCH

04-05-2015
پیر

پریس ریلیز

عوامی رائے عامہ

پاکستان ّمیں اکثریت آرمی آپریشن ضرب عزب کے بعد خود کو محفوظ سمجھتی ہے۔

"ادارہ برائے عوامی تحقیق" (IPOR) کے کیےگئےسروےکے مطابق **(62 فیصد) لوگ آپریشن ضرب عرب کے بعد پاکستان میں رہنے کے لیئےخود کو اور اپنے گھر والوں کو محفوظ سمجھتے ہیں۔**

ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ "آپریشن ضرب عزب کے بعد آپ اپنے اور اپنے گھر والوں کو پاکستان میں رہنے کے لیئےکس حد تک محفوظ سمجھتے ہیں؟" مجموعی طور پر (62 فیصد) لوگوں نے کہا" **محفوظ"** جبکہ(34فیصد)نے**"غیرمحفوظ"** اور باقی (4فیصد) نے کوئی جواب نہیں دیا۔

صوبہ خیبر پختونخواہ میں واضع فرق دیکھنے کو ملا جہاں (47 فیصد) لوگ شمالی وزیرستان فاٹا میں اپریشن ضرب عزب کے بعد خود کو ذیادہ محفوظ سجھتے ہیں۔

"آپریشن ضرب عزب کے بعد آپ اپنے اور اپنے گھر والوں کو پاکستان میں رہنے کے لیئے کس حد تک محفوظ سمجھتے ہیں ؟"



صوبائی نتائج کا موازنہ



یہ انٹرویو ادارہ برائے عوامی تحقیق نے پاکستان کے چاروں صوبوں(پنجاب، سندھ، خیبرپختونخواہ، بلوچستان) کی دیہی اور شہری آبادی کے4،134 مردوں اور عورتوں سے کیے ہیں۔ اس سروے میں غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر±2 فیصد لگایا گیا ہے۔ جبکہ انٹرویز کا دورانیہ مارچ20 سے اپریل 08 ہے۔